سوال

(97) گھر میں نماز باجماعت ادا کرنے کی کیفیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر میاں بیوی اوربچے اہل حدیث ہوں تومیاں گھر میں جماعت کروائے توکیا مرد آگے ہوگا اور عورت اوربچے پیچھے ہوں گے یا بچہ نابالغ پیچھے ہوگا ترتیب کیا ہوگی۔؟ (ظفر اقبال کامرہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کے پیچھے اس کے بچے اوران کے پیچھے علیحدہ صف میں عورتیں اوربچیاں ہونی چاہئیں۔ دیکھئے وہ حدیث جس میں ہے کہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

"فقام علیه رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وصففت أنا والیتیم وراءہ والعجوز من ورائنا"

"پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور میں نے اور یتیم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صف باندھی اور ہمارے پیچھے ایک بڑھیا تھی۔ (صحیح البخاری :380) ومسلم 658) (شہادت دسمبر 2003ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ265

محدث فتویٰ